14.03.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... آسیہ میمونہ

Music

------------------------------

☆ ملک بھر میں رنگوں کا تہوار ہولی روایتی جوش و خروش اور موسیقی کے ماحول میں منایا جارہا ہے۔ صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے ملک کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔

☆ روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے روس-یوکرین تنازعہ کو حل کرنے کی کوششوں پر وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر ٹرمپ کا شکریہ ادا کیا ہے۔

☆ مرکز کا، شمال مشرقی خطے کو زعفران کا مستقبل کا مرکز بنانے کا منصوبہ ہے۔

☆ وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے تمل ناڈو کے بجٹ لوگو میں روپے علامت کو ختم کرنے پر ایم کے اسٹالن کی نکتہ چینی کی ہے۔

☆ اور بھارت، عالمی پیرا ایتھلیٹکس گراں پری 2025 میں 134 تمغے حاصل کر کے سرِ فہرست ہے۔

------------------------------

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

# Holi

آج ملک بھر میں رنگوں کا تہوار ہولی روایتی جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ یہ تہوار برائی پر اچھائی کی جیت کی علامت ہے۔اور یہ موسم بہار کی آمد پر منایا جاتا ہے۔

## *Song Holi*

یہ تہوار ہولی سے ایک دن پہلے ہو لیکا دہن سے شروع ہوتا ہے۔ یہ تہوار مساوات اور بھائی چارے کا پیغام دیتا ہے۔ نیز ذات پات، عمر اور جنس سے قطع نظر سماج کے سبھی طبقوں میں پورے جوش و خروش کے ساتھ منایا جاتا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے ہولی کے موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔

اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہولی کا تہوار خوشی اور جوش و خروش لاتا ہے۔

محترمہ مرمو نے کہا کہ یہ فیسٹیول ہماری زندگیوں میں اتحاد اور بھائی چارے کو فروغ دیتا ہے اور ہولی کے مختلف رنگ گونا گونیت میں اتحاد کے اقدار کے عکاس ہیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ فیسٹیول برائی پر اچھائی کی جیت کی بھی علامت ہے اور یہ ہمیں محبت اور مثبت نظریے کو عام کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔

اپنے پیغام میں نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ ہولی برائی پر اچھائی کی جیت اور بہار کی آمد کی علامت ہے، جو نئی شروعات اور نئے نظریات کی عکاس ہے۔ جناب دھنکھڑ نے کہا کہ جب ہم شاندار روایت کی پاسداری کرتے ہیں اور اس تہوار کو مناتے ہیں، تو ہمیں اتحاد کے جذبہ قائم رکھنا چاہیے۔ ہولی کا تہوار اس کی ایک مثال پیش کرتا ہے۔

نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہولی کے درخشاں رنگ ہمیں بھارت کے مالامال ثقافتی تنوع کی یاد دلاتے ہیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ تہوار مسرت اور خوشحالی کو بھر دے گا، جس سے ایک نیا جوش و خروش پیدا ہوگا اور ہر ایک کی زندگی میں نئی توانائی حاصل ہوگی، نیز یہ رنگ ملک کے لوگوں کے مابین اتحاد کے رنگوں کو بھی گہرا کردیں گے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے نئی دلّی میں آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز ایمس کے امراض کے محکمے کے سربراہ ڈاکٹر کوشل ورما نے لوگوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ تقریبات کے دوران قدرتی رنگوں کا استعمال کریں اور سِنتھیٹک رنگوں سے گریز کریں۔×

## Uttar Pradesh - Holi

اترپردیش میں، برج منڈل سے ایودھیا دھام تک، پوری ریاست میں ہولی کی خوشیاں منائی جارہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج گورکھپور میں بھگوان Nrisinh وِشو یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ انہوں نے بھگوان Nrisinh کی آرتی کے بعد رتھ کو روانہ کیا اور لوگوں کے گُلال لگا کر ہولی منائی۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ تہوار ہم آہنگی، امن اور مساوات کی علامات ہونے چاہئیں۔ انہوں نے عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہولی، اتحاد کے پیغام کو آگے بڑھاتی ہے۔×

## Bengal - Holi

پورے مغربی بنگال میں، لوگ رنگوں کا تہوار ہولی، پورے جوش و جذبے کے ساتھ منا رہے ہیں۔ عقیدتمندوں کی ایک بڑی تعداد ہاؤڑہ ضلعے کے Belur Math میں ہولی کے تہوار میں شرکت کررہی ہے۔ Gaudiya Math نے بھی کولکتہ اور ریاست کے دوسرے حصوں میں بھگوَت سبھا، Gaur پریکرما جیسی مختلف رسومات کا اہتمام کیا۔ ریاست میں ہولی Dol یاترا کے طور پر منائی جارہی ہے۔

ناڈیا ضلعے میں مایاپور کا ISKCON، ہولی کے موقع پر رنگارنگ جلوس میں شریک ہوا اور لوگ ریاست میں اِسکون کے مختلف مراکز میں عقیدتمند جمع ہوئے۔ لوگ خوشگوار ماحول میں ایک دوسرے پر گُلال لگا کر ہولی کی مبارکباد دے رہے ہیں۔ انتظامیہ اور پولیس نے تہوار کو پُرامن طور پر منانے کیلئے سبھی انتظامات کئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے ہولی اور Dol یاترا کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔×

## Putin - Ukraine Ceasefire

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے یوکرین میں جاری جنگ پر وزیر اعظم نریندر مودی اور امریکی صدر سمیت دنیا کے بہت سے لیڈروں کی توجہ دلانے پر اُن کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔

کل بیلا روس کے صدر الیکزینڈر لوکاشینکو کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران جناب پوتن نے عالمی چیلنجوں کے باوجود جنگ سے متاثر خطے میں امن کے تئیں وزیر اعظم مودی، برازیل، جنوبی افریقہ اور دیگر عالمی لیڈروں کے عزم کی کوششوں کو تسلیم کیا ہے۔

جناب مودی نے پچھلے مہینے وائٹ ہاؤس میں صدر ٹرمپ کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران یہ بات خاص طور پر کہی کہ بھارت، روس اور یوکرین کے درمیان تنازعہ سے متعلق اپنے موقف میں غیر جانب دار نہیں ہے، بلکہ وہ امن کا طرفدار ہے۔

### *S/B - PM Modi on Peace*

جناب مودی نے کہا کہ وہ صدر پوتن سے کہہ چکے ہیں کہ یہ جنگ کا دور نہیں ہے۔ انھوں نے تنازعہ کو حل کرنے کی، صدر ٹرمپ کی طرف سے کی گئی کوششوں کے تئیں اپنی حمایت کا اظہار بھی کیا۔

اِس سے پہلے امریکہ نے 30 دن کی جنگ بندی کی تجویز پیش کی تھی اور اِس میں روس سے اپیل کی گئی تھی کہ وہ بغیر کسی شرط کے اُس تجویز کو قبول کرے۔

یوکرین نے اِس ہفتے کے شروع میں سعودی عرب میں منعقدہ بات چیت کے دوران جنگ بندی کی تجویز سے اتفاق کیا تھا۔

صدر پوتن نے جنگ بندی کیلئے اپنی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے یہ تسلیم کیا کہ کچھ ایسے معاملے ہیں، جنہیں حل کئے جانے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اُن کے سامنے ایسے کچھ سنگین معاملات ہیں کہ کس طرح اُس تجویز پر عمل کیا جائے گا۔

اِسی دوران صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے صدر پوتن کی رائے زنی کو مثبت قرار دیا لیکن انھوں نے یہ بھی کہا کہ اُن کا بیان مکمل نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سلسلے میں مزید تبادلۂ خیال کی ضرورت ہے۔×

## Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ تین روزہ دورے پر آج شام آسام پہنچیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب شاہ کئی پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ وہاں پہنچنے کے بعد جناب شاہ جور ہاٹ ہوائی اڈّے سے گولہ گھاٹ تک کا سفر کریں گے اور Dergaon میں لچِت بار پھوکن پولیس اکیڈمی میں رات گزاریں گے۔

جناب شاہ کل صبح ایک جدید ترین پولیس اکیڈمی کا افتتاح کریں گے۔ جناب شاہ دن میں 2 بجے Aizawl میں آسام رائفلز اسٹیبلشمنٹس کو Zokhawsang میں منتقل کرنے کی ایک تقریب میں شرکت کریں گے۔ بعد میں وہ رات میں قیام کے لیے گوہاٹی واپس آجائیں گے۔

اتوار کے روز وزیر داخلہ Kokrajhar ضلعے کے ڈوٹما میں All Bodo Students Union کی 57ویں سالانہ کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ جناب شاہ دن میں گوہاٹی میں نئی دلّی واپس آنے سے پہلے خطّے کے وزراءاعلیٰ کے ہمراہ شمالی مشرقی ریاستوں کے نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کا جائزہ لیں گے۔×

## North East Safiron

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر مملکت جتیندر سنگھ نے آج کہا ہے کہ شمال مشرق وکست بھارت کے وژن کو پورا کرنے میں بھارت کے لئے ایک کلیدی مرکز ہے اور یہ خطہ ملک کا زعفران کا آئندہ مرکز بھی بن جائے گا۔

ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ حکومت کے ''مشن زعفران'' پہل کی 2021 سے سکم، اروناچل پردیش اور میگھالیہ تک توسیع کی گئی ہے۔

انہوں نے شیلانگ میں ٹیکنالوجی ایپلیکیشن اور تحقیق کے لئے شمال مشرقی سینٹر کے نئے کیمپس کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ اروناچل پردیش کے Menchukha اور سکم کے Yuksom میں اِس وقت زعفران کی بڑے پیمانے پر کاشت کی جارہی ہے اور اِن منصوبوں کو ناگالینڈ اور منی پور تک لے جانا ہے۔

جموں کشمیر کے Pampore کے بعد شمال مشرقی خطہ بھارت کا آئندہ زعفران کا مرکز ہوگا۔x

## TN Rupee Symbol Issue

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے ریاستی بجٹ 2025-26 کے لئے لوگو میں تمل RU کے ساتھ سرکاری روپے کی علامت کو تبدیل کرنے پر ڈی ایم کے حکومت کی نکتہ چینی کی ہے۔ لوگو کل وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن کے دفتر کی جانب سے جاری کیا گیا تھا۔ وزیر خزانہ نے ڈی ایم کے حکومت پر سرکاری روپے کی علامت کا احترام نہ کرنے کا الزام لگایا جو اُن کے اپنے ایک اسمبلی رکن کے بیٹے کی طرف سے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ سابق وزیر اعلیٰ اور اپوزیشن لیڈر E-Palanisamy نے بھی ڈی ایم کے حکومت پر الزام لگایا کہ وہ اصل معاملات سے بچ رہی ہے اور احمقانہ سیاسی کھیل اپنا رہی ہے۔ BJP کے لیڈر کے انّا ملائی نے حکومت پر عوام کی توجہ منتقل کرنے کا الزام لگایا اور کہا کہ وہ دوہرے معیارات اپنا رہی ہے۔ x

## Waves-2025

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے ورلڈ آڈیو ویژوئل اینڈ انٹرٹینمنٹ سمٹ WAVES-2025 کے حصے کے طور پر تخلیق کاروں کی معیشت کیلئے ایک ارب ڈالر کے فنڈ کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ممبئی میں یکم مئی سے 4 مئی تک منعقد ہونے والا پروگرام تخلیق کار کمیونٹی کو اعلیٰ قدر کے حامل مواد تیار کرنے کا ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ جناب ویشنو کل نئی دلّی میں منعقدہ WAVES-2025 کے اعلیٰ سطح کے ایک اجلاس میں اظہار خیال کررہے تھے۔ اس اجلاس کا انعقاد اطلاعات و نشریات کی وزارت نے WAVES-2025 پروگرام سے قبل بین الاقوامی برادری کو شریک کرنے کے مقصد سے کیا گیا تھا۔

جناب ویشنو نے مطلع کیا کہ گورے گاؤں، ممبئی میں فلم سٹی کے نزدیک پہلا انڈین انسٹی ٹیوٹ آف Creative ٹیکنالوجی IICT قائم کیا جائے گا۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ WAVES میڈیا اور تفریح کی صنعت کیلئے بات چیت، اشتراک و تعاون اور اختراع کو فروغ دینے کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پروگرام اس سیکٹر میں مواقع تلاش کرنے، چیلنجوں کو دور کرنے اور مستقبل کی تشکیل کیلئے صنعتی رہنماؤں، شراکت داروں اور اختراع کاروں کو اکٹھا کرے گا۔ ×

## MEA Pak Train

بھارت نے پاکستان کی طرف سے عائد کیے گئے یہ الزامات کو کہ بھارت، اُس کی ٹرین کو اغوا کیے جانے کے واقعے میں ملوث تھا، بے بنیاد قرار دیا ہے۔

پاکستان کی طرف سے کی گئی اِس رائے زنی پر میڈیا کی طرف سے پوچھے گئے سوالات کے جواب میں، وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت، پاکستان کے اِن بے بنیاد الزامات کو سختی سے مسترد کرتا ہے۔ پوری دنیا جانتی ہے کہ عالمی سطح پر دہشت گردی کا مرکز، کہاں واقع ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ پاکستان کو اپنے گریبان میں جھانکنا چاہیے نہ کہ وہ دوسروں کی طرف انگلی اُٹھائے اور اپنے اندرونی مسائل اور ناکامیوں پر دوسروں کو موردِ الزام ٹھہرائے۔×

## J&K - Jobs

جموں و کشمیر میں، ریاستی حکومت نے جموں ضلعے کے 4 تحصیلوں میں، 5 صنعتی پارکس کے قیام کیلئے صنعتوں اور کامرس محکمے کو 500 کینال زمین منتقل کی ہے۔ اس بات کا انکشاف، ریاستی قانون ساز اسمبلی کے جاری بجٹ اجلاس کے دوران جموں شمال کے ایم ایل اے شیام لال شرما کی طرف سے اٹھائے گئے ایک سوال کے جواب میں صنعتوں اور کامرس کے وزیر نے ایک تحریری جواب میں کیا۔ اخنور، آر ایس پورہ Deeli اور جموں تحصیلوں میں 5 صنعتی اسٹیٹ کیلئے شناخت کی گئی زمین مختص کی گئی ہے۔ توقع ہے کہ مجوزہ صنعتی پارکس روزگار کے کافی مواقع فراہم کریں گے، جبکہ ان پروجیکٹوں سے 2074 روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے۔ ان صنعتی اسٹیٹ کیلئے کل 41 سرمایہ کاروں نے رجسٹریشن کرایا ہے۔×

## Badminton - All England Open

بیڈمنٹن میں بھارت کی Treesa Jolly اور ان کی ساتھی کھلاڑی گائتری گوپی چند، برطانیہ کے شہر برمنگھم میں جاری آل انگلینڈ اوپن چمپئن شپ کے خواتین کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ بھارتی جوڑی نے کل شام جنوبی کوریا کی جوڑی Hee-Yong اور Kim Hye-Jeong کو ایک سخت مقابلے میں پندرہ-اکیس، اکیس-اٹھارہ، اکیس-اٹھارہ سے

شکست دی۔ آج شام کوارٹر فائنل میں ٹریسااور گائتری کا مقابلہ چین کی جوڑیTan Ningاورu Liu Shengshuسے ہوگا۔

اس سے پہلے بھارت کے سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین بھی ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے موجودہ چمپئن انڈونیشیا کے کھلاڑیJonatan Christieکو پری کوارٹر فائنل میں ہرایا۔ آج کوارٹر فائنل میں لکشیہ کا مقابلہ چین کے کھلاڑیLi Shifengسے ہوگا۔×

World Para Athletics

بھارت عالمی پیرا ایتھلیٹکس گراں پری 2025 میں 134 تمغوں کے سات سرفہرست رہا۔ اس نے سونے کے 45 چاندی کے 40 اور کانسے کے 49 تمغوں کے ساتھ کل 134 تمغے حاصل کئے۔ ٹریک اور فیلڈ مقابلوں میں شاندار کارکردگی کے ساتھ میزبان ملک نے عالمی سطح پرPara ایتھلیٹکس میں اپنی ابھرتی ہوئی صلاحیتوں اور کارکردگی کا مظاہر کیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆